# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، پس ماندہ مسلم اور وکست بھارت میں قومی یکجہتی سے متعلق آئی سی ایس ایس آر کے بڑے تحقیقی پروجیکٹ سے سرفراز: اس اسٹڈی کا مقصد بھارت کے وسیع تر تہذیبی روایات کے تناظر میں ان کے تاریخی و تہذیبی روابط کو اجاگر کرنا ہے

New Delhi, March 16, 2026

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کو انڈین کونسل آف سوشل سائنس ریسرچ (آئی سی ایس ایس آر) کی جانب سے وکست بھارت کے وژن میں پس ماندہ مسلم اور قومی یکجہتی میں ان کے رول کے موضوع پر ایک موقر اور اہم تحقیقی پروجیکٹ ملا ہے۔

تحقیق میں پس ماندہ مسلمانوں کے تاریخی پس منظر، تہذیبی و ثقافتی جڑوں، لسانی بنیادوں اور سماجی و سیاسی حقائق کا جائزہ لیا جائے گا۔ پس ماندہ مسلم، ہندوستان میں کل مسلم آبادی کا اسی سے پچاسی فی صد ہے تاہم اس کی سماجی صورت حال اور ملک کی تہذیبی و سماجی زندگی میں ان کی خدمات کے ساتھ ساتھ ان پر علمی نقطہ نگاہ سے بھی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔

پروجیکٹ کا مقصد پس ماندہ برادریوں کے درمیان گہرے تاریخی و تہذیبی تعلقات کے ساتھ وسیع تر ہندوستانی تہذیبی روایات کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ مطالعہ ہندوستان کی مختلف تہذیبی رسوم و روایات، لسانی عمل اور پیشہ ورانہ رول کی مماثلتوں کا جائزہ لے گا۔ اس طرح یہ تحقیق یک لسانی بلاک کے تصور کو چیلینج کرتی ہے اور اس کے برعکس کثرت و تنوع اور ہندوستانی مسلم سوسائٹی میں دیسی و مقامی جڑوں کی طرف توجہ مبذول کراتی ہے۔

یہ تحقیق اس بات کا جائزہ لے گی کہ کیسے معاصر سرکاری اقدامات اور ترقیاتی پروجیکٹ بلاتفریق مذہب و ملت اور ذات پات کے سب کے لیے یکساں طور پر فائدہ بخش ہے اور حالیہ برسوں میں ان سے پس ماندہ برادریوں پر کیسے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ اس مطالعہ میں اس پہلو کا بھی جائزہ لیا جائے گا کہ قومی یکجہتی میں پس ماندہ مسلمان، دیگر پس ماندہ اور حاشیے پر رہی برادریوں کے ساتھ مشترکہ تہذیبی و تاریخی میں کس طرح اپنا بیش قیمت تعاون دے سکتے ہیں۔ پس ماندہ مسلم برادریوں کے سماجی و تہذیبی تعلقات اور ترقیاتی امنگوں کو اجاگر کرنے سے اس تحقیق کا مقصد بھارت میں قومی یکجہتی اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی کو مزید مضبوط بنانے کے کون سے راستے ہیں۔

ہندوستان کے ترقی پذیر سماجی وسیاسی منظرنامے کے تناظر میں اس پروجیکٹ کا ملنا ترقیاتی شمولیت، سماجی انصاف اور قومی یکجہتی کی بڑھتی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے بھی ایک اہم علمی کامیابی اور حصولیابی ہے جو یونیورسٹی کے تحقیق کے تئیں عہد کی توثیق کرتا ہے جو اہم معاشرتی چیلنجیز کو حل کرنے اور وکست بھارت کے وسیع تر وژن میں تعاون دینے کے لیے عہد بند ہے۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو اس اہم تحقیقی میدان میں موقر پروجیکٹ ملنے پر مبارک باد دی ہے

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے اہم پروجیکٹ گرانٹ عطا کرنے کے لیے آئی سی ایس ایس آر کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا ہے کہ ہندوستان کے معاصر سماجی وسیاسی کے اہم میدان میں تحقیق کے لیے وہ پرامید ہیں۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ